سوال

(281) قضا لازم ہے خواہ الگ الگ دنوں میں دے لو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں سترہ برس کی ایک لڑکی ہوں۔ روزے فرض ہونے کے بعد کے ابتدائی دو سال میں نے رمضان کے جو روزے چھوڑے تھے ان کی اب تک قضا نہیں دی لہذا اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان دنوں کی فوراً قضا دو، خواہ الگ الگ دنوں میں دے لو اور ایک سال سے زیادہ تاخیر کی وجہ سے قضا کے ساتھ ساتھ کفارہ بھی لازم ہے۔ کفارہ یہ ہے کہ ہر دن کے عوض ایک مسکین کو کھانا کھلایا جائے جیسا کہ جمہور علماء کی یہی رائے ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الصیام: ج2 صفحہ211

محدث فتوی